Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۵ ذیقعدہ سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۹ جون سنہ ۱۹۲۴ء	نمبر ۲۳

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۲۹ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

درجہ حدیث شریف مدرسہ عالیہ مین مولوی منور علی صاحب کے مستعفی ہوجانے کے بعد سے مدرسی کا انتظام عارضی تھا۔ اور چونکہ شیخ درجہ حدیث کی مدرسی قاضی صاحب شہر کی خاندانی جگہ ہے اسلیے ۔ ۱۔ اُنکے پسر مولوی سید احمد کو مستقل مدرس درجہ حدیث کا مقرر کیا جاتا ہے۔ اور ۲۔ جب تک مولوی سید احمد تکمیل فن حدیث سے فراغ حاصل کر سکین۔ قاضی صاحب شہر کی تجویز و قرارداد کے موافق جسکا حوالہ ڈی او ۳۰ اپریل سنہ ۱۹۲۴ء عرضی

مولوی عبدالوہاب خان بطور عوض خدمت کام کرینگے - اس آسامی کی تنخواہ پچاس روپیہ ہے - اور اسکی تقسیم مابین اصل و عوض حسب قرارداد قاضی صاحب شہر ہوا کریگی - اسوقت وہ نصف تنخواہ اصل کو اور نصف عوض کو دلانا چاہتے ہین جو منظور کیا جاتا ہے - اب کارروائی انتظام عارضی ختم ہوکر یکم جون ۱۹۲۴ء سے اصل و عوض اپنی اپنی تنخواہ پائینگے - ۲۳ اپریل ۱۹۲۴ء کو جبکہ قاضی صاحب شہر کے تقرر کیواسطے حکم ہوگیا تھا اور انتظام موجودہ مدرسی شیخ حدیث شریف عارضی تھا اس لئے تعطیل ماہ رمضان مبارک کی تنخواہ پانے کے حافظ وزیر احمد مستحق نہین ہین یہ رقم حسب قاعدہ واپس تخشیگری کر دیجائے اسکے بارہ مین بعد کو حکم ہوگا - سر رشتہ صدر سے حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون -

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۲۸ مئی ۱۹۲۴ء

مسٹر کلفرڈ صاحب بہادر ۴ جون سنہ حال سے پندرہ روز کی رخصت پر جانیوالے ہین اور بموجب حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم انکی رخصت کے زمانہ مین منشی شیر زمان خانصاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج عالیجناب نواب ولیعہد بہادر کی کوٹھی پر رہین گے لہذا حسب ذیل انکے کام کا انتظام کیا جاتا ہے

(۱) ۴ جون سنہ حال سے منشی شیر زمان خانصاحب چونکہ کوٹھی عالیجناب ولیعہد بہادر پر رہین گے لہذا منشی ارشاد اللہ خانصاحب جج خفیفہ جلد کام عدالت ڈسٹرکٹ و سشن ججی کا کرینگے -

(۲) جو مقدمات ڈسٹرکٹ و سشن ججی کے مکمل ہین و فیصلہ سنانا باقی ہے انکا فیصلہ تو خود منشی شیر زمان خانصاحب کرینگے لیکن جن مقدمات مین جزا شہادت قلمبند ہوچکی ہے اور جزا باقی ہے ایسے مقدمات جو تاریخ پیشی پر روبرو منشی ارشاد اللہ خانصاحب کو پیش ہون تو بوجہ اسکے کہ اہل معاملہ کو خرابی و کشاکشی ہوگی صاحب ممدوح کو یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ بصورت خاص اُن مقدمات مین کہ جانبین آیندہ کارروائی ہونے کو جاری کیے ہین یعنی گواہ شہادت قلمبند کرلین اور بطور مکمل ہوجانے مقدمہ کے فیصلہ بھی لکھ سکینگے -

(۳) چونکہ منشی ارشاد اللہ خانصاحب جج خفیفہ کام عدالت ججی مذکورہ بالا کرینگے لہذا مقدمات اختیاری مجسٹریٹی اس مدت مین جو تاریخہائے مقررہ کے ایسے ہون جسمین کہ سماعت مقدمہ ہوگی اُن مقدمات کو وہ صاحب مجسٹریٹ ضلع کے اجلاس مین واپس بھیجا دینگے کہ عدالت مذکورہ سے انکی سماعت کا انتظام ہوجائے اور اہل مقدمات کو پریشانی کا باعث نہو -

(۴) جو مقدمات صیغہ دیوانی اسپیشل ججی بخشی صاحب دیوانی کی عدالت سے مفوضہ یا متعلق عدالت خفیفہ ہون انکی نسبت منشی ارشاد اللہ خانصاحب اگر کام عدالت ڈسٹرکٹ و سشن ججی سے انکو فرصت ہوگی تو انکی خود سماعت کرلین گے یا اُس مدت کے لئے وہ ملتوی کر دینگے -

حکم ہوکہ حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون اور صدر دفتر اطلاعی اجلاس تابعین مین مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر
واقع ۲۹ مارچ ۱۹۲۴ء

بعض حسابات مین بجائے اصل بل کے اسکی نقل یا کاربن پرشتے شامل کیجاتے ہین چونکہ ایسی صورت مین احتمال رہتا ہے کہ اصل یا نقشے پر مکرر مجرائی ہوجائے - اسلئے حکم ہوا ذریعہ نقل روبکار ہذا بورڈ آف آڈٹ کو اطلاع دیجائے کہ آئندہ حسابات مین کسی بل کی نقل یا کاربن پرشتے کو وائوچر شمار نہ کیاجائے بحالت مین کہ اصل بل تلف ہوگیا ہو کارخانہ کا نقشے بل بعد اس امر کی تصدیق صیغہ کہ اصل تلف ہوگیا نقشے وائوچر بنا لے لیا جائیگا - مگر تصدیق کسی ایسے افسر کی ہونا چاہیے جسکا تعلق بجٹ اجلاس سے نہ ہو - ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلداللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہوگئی ہین - ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے - آپ اس موقع سے ضرور فائدہ اٹھایئے خود بھی خرید فرمایئے اور احباب کو بھی دلوایئے -

قول شافی - یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے انکی خوبی انکے نام سے ظاہر ہے - جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک ۱۲ آنے ہے

التوحید - یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے - اسمین خداوند عالم کے وجود انکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲ آنے ہے

خصائص معاویہ - یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول کتاب جامع حامدی کی تحقیقات مین ہے جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست معرفت صاحب کتب خانہ کی خدمت مین ارسال فرمائے -

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری مارچ سنہ ۱۹۲۴ء

نام مقام	تفصیل پیدایش: مرد: مسلمان	تفصیل پیدایش: مرد: ہندو	تفصیل پیدایش: عورت: مسلمان	تفصیل پیدایش: عورت: ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایکسال سے ۵ سال تک: مرد	ایکسال سے ۵ سال تک: عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۵ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	۱۲ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مار گزیدہ	دیگر درندہ و جانور کا شکار	طاعون	ازخانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۰	۳	۱۴	۵	۴۲	۳۷	۹	۱۹	۱۳	۲	۰	۱۱	۷	۳۲	۱۰	۳۰	۱۲	۰	۲۲	۰	۳۰	۰	۰	۰	۵۲	
گنج	۱۳	۲	۹	۶	۳۰	۲۲	۹	۶	۱۸	۲	۴	۱۳	۶	۲۱	۲۵	۳۴	۱۲	۰	۱۰	۰	۳۶	۰	۰	۰	۴۶	
حوالی شہر	۱۰	۸	۶	۶	۳۰	۱۲	۱۴	۲	۳	۱	۰	۱۲	۸	۱۵	۱۱	۹	۱۴	۰	۰	۰	۲۴	۰	۰	۰	۲۴	
علیم نگر	۲۱	۲۳	۲۴	۲۳	۹۱	۴۸	۴۲	۵	۱۰	۴	۳	۳۷	۲۲	۴۶	۳۵	۴۵	۳۶	۰	۰	۰	۸۱	۰	۰	۰	۸۱	
شاہ آباد	۱۷	۲۱	۵	۲۶	۶۹	۲۲	۴۷	۳	۸	۰	۰	۲۴	۱۴	۲۷	۲۲	۱۴	۳۵	۰	۰	۰	۴۹	۰	۰	۰	۴۹	
پٹوائی	۶	۲۲	۹	۱۷	۵۴	۱۵	۳۹	۷	۸	۸	۸	۴	۲	۱۹	۱۸	۲۰	۱۷	۰	۰	۰	۳۷	۰	۰	۰	۳۷	
ملک	۱۳	۶۸	۱۲	۵۵	۱۵۸	۲۵	۱۳۳	۱۲	۱۲	۴	۰	۳۴	۱۹	۵۰	۳۵	۱۴	۷۱	۰	۰	۰	۸۵	۰	۰	۰	۸۵	
بلاسپور	۱۴	۱۴	۱۱	۱۰	۴۹	۲۵	۲۴	۲	۴	۴	۱	۲۷	۲۰	۳۷	۲۵	۳۷	۲۵	۰	۰	۰	۶۲	۰	۰	۰	۶۲	
کیمری	۲۱	۵۳	۱۴	۲۳	۱۱۱	۳۵	۷۶	۱۰	۶	۲	۰	۳۴	۲۲	۴۶	۲۸	۲۲	۵۲	۰	۴	۰	۷۰	۰	۰	۰	۷۴	
سوار	۲۷	۲۱	۲۷	۲۰	۹۴	۵۳	۴۱	۱۶	۸	۶	۵	۳۸	۸۴	۵۹	۴۷	۴۹	۵۸	۰	۰	۰	۱۰۶	۰	۰	۰	۱۰۶	
ٹانڈہ	۲۷	۲۲	۱۶	۲۲	۸۴	۴۰	۴۴	۶	۸	۳	۰	۱۲	۸	۲۱	۱۶	۲۸	۹	۰	۰	۰	۳۷	۰	۰	۰	۳۷	
میزان	۱۰۵	۲۶۹	۱۵۰	۲۱۳	۸۱۷	۳۳۵	۴۰۲	۹۲	۹۹	۳۶	۲۱	۱۷۵	۱۶۲	۲۶۳	۳۰۲	۳۱۲	۳۴۳	۰	۳۶	۰	۱۱۹	۰	۰	۰	۶۵۵	

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتداے ۲ لغایت ۸ جون ۱۹۲۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۸ ا ر		۹ ا ر			دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص		۱۴ ا ر		۱۲ ا ر			
نخود کہ آمیز		۱۵ ا ر		۱۶ ا ر			
کسہ		۱۲ ا ر	۱	۱۷ ا ر			
ماش		۶ ا ر		۰۸ ا ر			
مونگ		۶ ا ر		۰۸ ا ر			
مکا		.		.			
جئی		۱۲ ا ر		۰۱۷ ا ر			
گوجئی		۱۲ ا ر		.			
عدس		۱۲ ا ر		۱۵ ا ر			
ارہر		۱۲ ا ر		۱۲ ا ر			
برنج		۵ ا ر		۰۵ ا ر			
روغن زرد		۷ چھٹانک		۷ چھٹانک			
روغن سیاہ		۱ ا ر		۰۱ ا ر			
روغن کنجد		۱ ا ر		۲ ا ر			
نمک سانبھر		۱۲ ا ر		۱۱ ا ر			
نمک لاہوری		۷ ا ر		۵ ا ر			
قند سیاہ		۲ ا ر		۰۸ ا ر			
باجرہ		.		.			

مطبوعہ پریس سرکاری ریاست رامپور